**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2025/** 2134
**Date: 18th August, 2025**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 11th, 12th, 13th, 14th and 15th groups as at Annexure-II will be taken-up on 19th, 20th, 21st, 22nd and 25th August, 2025, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 11th | Tuesday 19th August, 2025 | • Finance<br>• Irrigation |
| 12th | Wednesday 20th August, 2025 | • Food --<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 13th | Thursday 21st August, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 14th | Friday 22nd August, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Home & Tribal Affairs |
| 15th | Monday 25th August, 2025 | • Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education -<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا گیارواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 19 اگست 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 10, 2025 -- 02:34 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 1684**
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2025 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)Khyber Pakhtunkhwa River Protection Ordinance 2022اورKhyber Pakhtunkhwa Water Act 2020 کے مقاصد کیا ہیں تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) محکمہ کی اس Ordinance اور Act کے تحت گذشتہ تین سالوں میں کی گئی کارروائیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 17, 2025 -- 11:14 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 1683**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2025 - Tue
**جناب فضل الٰہی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیامالی سال 26-2025ء میں محکمہ خزانہ نے محکمہ مواصلات و تعمیرات (W&C) کو ترقیاتی فنڈز جاری کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان فنڈز کے اجراء کا لیٹر، متعلقہ پروگراموں / سکیموں کی تفصیلات، اور یہ وضاحت بھی فراہم کی جائے کہ آیا یہ فنڈز موجودہ ریلیز پالیسی کے مطابق جاری کیے گئے تھے یا نہیں؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا بارواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

## جو کہ 20 اگست 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:51 PM - Mon
**Question # 1428** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دس سالوں کے دوران کن کن اضلاع میں کن مقامات پر کیڈٹ کالجوں کی منظوری دی گئی ہے؟

(ب) مذکورہ منظور شدہ کیڈٹ کالجوں میں کتنے کالجوں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے؟ اور کتنے زیر تعمیر ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ کیڈٹ کالجوں کے لئے مختص فنڈز کی الگ الگ مالیت کیا ہے؟ نیز جو کالج مکمل ہوئے ان پر اُٹھنے والے اخراجات کی کالج وار مالیت کیا ہے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:52 PM - Mon
**Question # 1472** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ امسال صوبہ کے ہائی اور ہائیر سیکنڈری بورڈ کے امتحانات میں طلباء پر UFM کیس بنائے گئے تھے؟

(ب) اگر الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) امسال تمام تعلیمی بورڈ سے ہائی اور ہائیر سیکنڈری بورڈ کے امتحانات میں کتنے UFM کیسز بنائے گئے تھے؟ ہر امتحان اور ہر تعلیمی بورڈز کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اس سلسلے میں تعلیمی بورڈز کی جانب سے ان کیسز میں جو سزائیں دی گئی ہیں اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:53 PM - Mon
**Question # 1439** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹس ڈیکلیئر کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اتھارٹی ملازمین کی دس سالہ سروس پوری ہو چکی ہے اور انکی سروس سٹرکچر، اپ گریڈیشن اور پنشن سمیت کئی ساری بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور ان کے سروس رولز میں سروس سٹرکچر والا باب شامل نہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اتھارٹی کے ضلعی دفاترز اور انتظامی آسامیوں کو پی ایم ایس افسروں کیلئے مختص کیا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو:۔

(i) کیا مذکورہ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹ بنایا گیا ہے حالانکہ آئی ایم یو ہیلتھ پراجیکٹ والوں کو سول سرونٹس کی حیثیت سے مستقلی دی گئی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) آیا اتھارٹی کی ضلعی اور ہیڈ آفس کی انتظامی آسامیوں پر پی ایم ایس افسران کی تعیناتی سے اتھارٹی ملازمین کیلئے ترقی کا راستہ بند نہیں ہو گا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:54 PM - Mon
**Question # 1467**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Elementary & Secondary Education state that:.

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:58 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1459**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں بڑی تعداد میں مڈل اور ہائی سکولوں میں کمپیوٹر ٹیچرز کی کمی ہے ؟

(ب)اگر (الف)کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ بھر میں کتنے سکولوں میں کمپیوٹر ٹیچرز کی کمی ہے ؟اس کی ضلع وار تعداد بتائی جائے۔نیز صوبائی حکومت اس مسئلے پر قابو پانے کے لئے کیااقدامات کر رہی ہے ؟اس کی وضاحت کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:37 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1431**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حال ہی میں پورے صوبے اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف سکولوں کواپ گریڈ کیا گیاہے اور نئے سکولوں کی تعمیر بھی ہوئی ہیں۔

(ب)اگر (الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)تاحال ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے سکول، کہاں کہاں اپ گریڈ کئے گئے ہیں اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں تاحال کتنے نئے سکول کہاں کہاں پر تعمیر کئے گئے ہیں، تحصیل وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیز تحصیل درابن، تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں باوجود اس کے کہ یہ علاقے کافی پسماندہ ہیں، سکول کیوں اپ گریڈ نہیں کئے گئے اور نا ہی نئے سکول تعمیر کئے گئے ہیں،اس حوالے سے سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئے سکولوں کی تعمیر کے حوالے سے صوبائی حکومت نے کیا کسوٹی رکھی ہے، تفصیل سے فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:40 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1580**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)سال2018تا2023کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں حلقہ پی کے۔1 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟

(ب)اس میں کتنا فنڈز جاری اور کتنا خرچ ہوا خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں پر اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:56 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1414**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ نگران حکومت نے وفاقی سطح پر گندم کی خریداری کی تھی؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ نگران حکومت کو جو باہر سے گندم فراہم کی گئی تھی۔وہ پورے پاکستان سمیت صوبہ خیبر پختونخوا کے گوداموں میں سٹور کی گئی تھی؟

(ج)اگر (الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو خیبر پختونخوا کے گوداموں میں اب تک کتنی گندم اور کتنے عرصے سے پڑی ہے۔آیا یہ گندم استعمال کے قابل ہیں کہ نہیں مکمل تفصیل فراہم کیاجائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:16 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1438**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبہ خیبرپختونخوامیں بالعموم اور ضلع بنوں میں بالخصوص نئے منظور شدہ اور اپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں مختلف آسامیوں کی منظوری دی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع بنوں میں نئے منظور شدہ اور اپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور اس میں موجود پوسٹیں کون کون سی ہیں۔پوسٹ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کیاان منظور شدہ پوسٹوں میں TT (تھیالوجی ٹیچر) کی پوسٹ شامل ہے اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے -

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:17 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1469**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ بنوں میں موجود ہائیر سیکنڈری سکول بنوں ہندوؤں کے زمانے سے موجود ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہندوؤں کے زمانے کے نوادرات بھی موجود تھے؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ ہر کلاس روم کے دروازے پر ایک کتبہ لگاہوا تھا جس پر اُس وقت کے ہندو کا نام درج تھا؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) اس وقت یہ نوادرات کہاں اور کس کے پاس ہیں؟

(ii) سکول میں کلاس رومز پر لگے کتبوں کی تعداد کتنی تھی اور اب کتبے کہاں اور کس کے پاس ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:18 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1436**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں ڈی ای او فی میل نے غیر قانونی طور پر بڑے پیمانے پر جبری ریٹائرمنٹ پر اساتذہ کو بھیجا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ جبری ریٹائرمنٹ میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) کتنی فی میل ٹیچرز کو اور کن وجوہات کی بنا پر جبری ریٹائرمنٹ دی گئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) دورافتادہ اور مرج ایریا میں پہلے سے فی میل اساتذہ کی کمی ہے پھر اتنے بڑے پیمانے پر فی میل اساتذہ کو کیوں جبری ریٹائرمنٹ دی گئی وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:01 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1441**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:02 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1456**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت نے سال 2019ء سے 2024ء تک PK-95 اور PK-96 میں کتنے سکولوں کو پرائمری سے مڈل، مڈل سے ہائی، اور ہائی سے ہائیر سیکنڈری میں اپ گریڈ کیا ہے ؟اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) اسی دوران مذکورہ حلقوں میں کتنے نئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:03 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1454**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2019ء سے 2024ء تک ADP اور AIP کے تحت PK-95 اور PK-96 کو کل کتنا فنڈز مہیا کیا گیا ہے ؟نیز یہ فنڈز کون کون سی مدات میں دیئے گئے ہیں ؟اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:08 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1499**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 21-2020ء میں ضلع لوئر کرم میں گورنمنٹ ڈگری کالج کی منظوری ہوئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ کالج کے لیے ٹینڈر ہوا ہے تو اب کس مرحلے میں ہے، اگر نہیں ہوا تو وجوہات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا تیرواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 21 اگست 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:39 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1550**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے کے زیر ملکیت پشاور میں کل کتنے پلازے ہیں؟

(ب) ہر پلازے میں کتنے فلور ہیں اور ہر فلور میں کل کتنی دوکانیں ہیں؟

(ج) ہر دوکان کا کرایہ، دوکان دار کا نام، پتہ اور اس دوکان میں کیا کاروبار کر رہا ہیں تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:40 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1567**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 2018 سے لیکر 2022 تک پشاور کی خوبصورتی کی مد میں کوئی رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ مد میں کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اس رقم سے پشاور کی خوبصورتی کیلئے کون کونسے منصوبے پایا تکمیل تک پہنچے ہیں اور کتنے باقی ہیں؟

(ii) مکمل شدہ منصوبوں میں کتنی بچت ہوئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ مکمل شدہ ہر ایک منصوبے کے پی سی ون، ٹینڈرز، ورک آرڈر اور تحریری مصدقہ دستاویزات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:56 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1477**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ماہی پروری (فشریز) از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2022ء میں فشریز ایکٹ میں مختلف ترامیم کی گئیں ہیں جبکہ رولز ابھی تک زیرِ التوا ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو، مذکورہ ترامیم نافذ العمل ہونے کی صورت میں سال 2023ء سے تاحال کتنے لائسنس جاری کئے گئے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) آل پاکستان فشریز ایکٹ 1961 کے مطابق اینگلنگ لائسنس جو کہ وفاقی حکومت کے ماتحت صوبوں کے ذریعے جاری کئے جاتے رہے ہیں، کو کیوں تاحال بند کئے گئے؟ اس کی وضاحت کی جائے اور یہ کب تک بحال کئے جائیں گے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:01 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1572**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں صرف ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج دینے کیلئے پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ملازمین پیکج کے لئے کتنے پلاٹس نیلام کئے گئے اور حاصل شدہ رقم سے کتنے ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کے تحت رقوم دی گئیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:03 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1397**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جولائی 2018 سے دسمبر 2021 تک ڈی آئی خان میں سڑکیں تعمیر کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی آئی خان میں مذکورہ بالا عرصہ کے دوران کل کتنی کلو میٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:19 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1460**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جنوری 2025 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ کے زیر نگرانی مختلف سکیمیں مکمل ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں کے لئے زمین کن افراد نے دی ہے؟ الاٹ شدہ زمین حکومت یا محکمہ ہذا کے نام پر منتقل ہوئی ہے یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:20 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1562**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیڈک ایکٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چیئرمینوں کا انتخاب کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب کر لیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے کے کتنے اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب عمل میں لایا جا چکا ہے؟۔

(ii) کتنے اضلاع میں مذکورہ ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب تاحال عمل میں نہیں لایا گیا وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:50 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1608**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈز سے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:52 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1570**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی طرف سے ضلع پشاور کے تمام 13 حلقوں کے لیے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی مد میں فی حلقہ ایک کروڑ روپے زیر نگرانی تحصیل اسسٹنٹ ڈائریکٹرز محکمہ بلدیات کو فراہم کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ٹینڈرز کی کاپی، ٹینڈر کا طریقہ کار، مختص شدہ فنڈ کا طریقہ استعمال اور یہ کس طرح عوامی مفاد میں استعمال ہوگا۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) نیز مذکورہ فنڈ متعلقہ ایم۔پی۔اے یا چیئرمینوں کے ذریعے استعمال ہوگا؟ مکمل تفصیل بمعہ طریقہ کار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:53 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1569**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوالوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 میں سال 2019 کے ترمیم 23(A) کے تحت بلدیاتی نمائندوں کو مختلف قسم کے اختیارارت دیئے گئے تھے لیکن بعد میں نئے ترمیم سال 2022 کے تحت 23(A) میں دیئے گئے اختیارات کو ختم کر دیا گیا۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 23(A) سکشن کو ختم کرنے کی وجوہات بیان کیئے جائیں نیز بلدیاتی نمائندگان کو دوبارہ مذکورہ ختیارات کب دیئے جائینگے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:58 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1568**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل / نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج / نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:05 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1609**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر لائیوسٹاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے ستمبر 2024 تک محکمہ ھذا میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) آیا مذکورہ بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟ اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی آسامیاں تاحال خالی ہیں۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔

(iii) مذکورہ بھریتوں میں اقلیت، خواتین اور معذور افراد جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ ان کی الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:17 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1607**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی طرف سے پورے علاقے کے لئے صرف ایک ہی ڈائریکٹر کی آسامی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع کوہستان میں محکمہ زراعت کا کوئی بھی دفتر نہیں ہے؟ آیا بغیر دفاتر کے محکمہ زراعت کے سرکاری امور انجام دیئے جا سکتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ضلع کوہستان میں ایک ڈائریکٹر کس طرح پورے ضلع کے امور چلا رہے ہیں؟

(ii) محکمہ زراعت ضلع کوہستان میں تمام ضروری دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا اور ضروری سٹاف کی کمی کب تک پوری کی جائے گی؟

(iii) سال 2014 سے تاحال تمام (sanction posts) منظور شدہ آسامیوں میں سے خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:05 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1631**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ 2018 سے 2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)آیاان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟اگر کوٹہ موجود تھاتو کتناتھااوراس پرپوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یانہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں؟

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اورپتہ فراہم کی جائیں۔نیزاقلیت، خواتین اور معذور جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں ۔ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:06 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1632**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)تحصیل ہری پور میں 2015 سے لیکراب تک کتنی نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب)یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں اوران کے مکمل ہونے پر کتنی لاگت آئی ہے؟ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں، ہرایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ عرصہ میں جس جگہ پر نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں وہاں کے لینڈاونر(Land Owner)کے نام وپتہ اور انتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کی جائے۔

(د)سال 2015 سے پہلے اس حلقہ میں کتنی واٹر سپلائی سکیمیں تھیں؟اوریہ سکیمیں کہاں کہاں موجود ہیں۔ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں۔اگر نان فنکشنل ہیں تو اس کی وجہ کیاہے تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا چودواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 22 اگست 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:06 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1484**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں کٹیگری ڈی کے کتنے ہسپتال، بنیادی مراکز صحت، آر ایچ سیز اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں پر قائم ہیں؟

(ب) مذکورہ ڈسپنسریوں، بنیادی مراکز صحت میں کتنے کرایہ کی بلڈنگ میں قائم ہیں۔ ان کا ماہانہ کرایہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:07 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1509**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا لشمینیا بیماری کا علاج انصاف کارڈ میں شامل ہے؟

(ب) مذکورہ بیماری کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویات سرکاری ہسپتالوں اور عام مارکیٹ میں دستیاب ہیں؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:08 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1384**
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سپیشل ڈیولپمنٹ یونٹ (SDU) نے سال 2022 سے تاحال کتنے پراجیکٹ کہاں کہاں شروع کئے ہیں۔ ہر ایک پراجیکٹ کی لاگت کتنی ہے؟

(ب) ان میں سے کتنے پراجیکٹ مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے زیر تکمیل ہیں ان سب کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:09 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1383**
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر عملہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 2021-22 اور 2023-24 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈز ملے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں پر کتنا کتنا خرچ کیا گیا اور کتنے فنڈز مختص ہوئے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:10 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1379**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخواہ کے بیشتر ہسپتالوں میں عوام کا علاج صحت کارڈ پر ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:-

(i) اب تک کتنے مریضوں کا علاج صحت کارڈ پر ہوا ہے؟

(ii) اب تک عوام کے علاج معالجے پر کتنی رقم خرچ ہوئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:11 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1398**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد تمام اسلحہ لائسنس کا اختیار صوبوں کو دیا گیا ہے جس میں ممنوعہ بور کے لائسنس کا اجراء بھی شامل ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک کتنے لوگوں کو ممنوعہ بور کے لائسنس جاری کیئے گئے ہیں ؟ اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:12 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1399**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پولیس ایکٹ سال 2017 کی دفعہ نمبر 32 کے مطابق ان سروس گریجویٹ کانسٹیبلان / ہیڈ کانسٹیبل کی ASI فاسٹ ٹریک پروموشن بذریعہ پبلک سروس کمیشن کوٹہ 25 فیصد رکھی گئی تھی ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پولیس ایکٹ 2017 کے بعد اس کو سال 2020 میں ترمیم کر کے 20 فیصد کر دیا گیا تھا ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2018 میں جنرل کوٹہ 25 فیصد کے تحت اے ایس آئی کی کل آسامیاں 420 مختص کی گئیں جبکہ پولیس ان سروس فاسٹ ٹریک پروموشن ASI اشتہار 05/2019 کے وقت 25 فیصد کوٹہ کے حساب سے 441 آسامیاں بنتی تھیں جس کو خود آئی جی صاحب نے پبلک سروس کمیشن کو مشتہر کرنے کیلئے تحریر بھی کیا تھا مگر اس کے باوجود 441 آسامیوں کے بجائے صرف 75 آسامیاں مشتہر ہوئیں جس سے پولیس اہلکاران کی حق تلفی ہوئی ہے ؟

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2014 میں پولیس ASI ان سروس گریجویٹ کنسٹیبل اور ہیڈ کنسٹیبل 19 فیصد کوٹہ کے تحت کل 324 آسامیاں مشتہر ہوئی تھیں جس میں سے 16 آسامیاں بھر گئیں اور 308 خالی رہ گئیں، وہ خالی آسامیاں کیوں دوبارہ مشتہر نہیں ہوئیں ؟

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) پولیس ایکٹ 2017 کی دفعہ نمبر 32 کے مطابق پورا کوٹہ کیوں نہیں دیا گیا، تفصیل کے ساتھ وجوہات بیان کی جائیں۔

(ii) فاسٹ ٹریک پروموشن اے ایس آئی کوٹہ کی تفصیل سال 2019 فراہم کی جائے۔

(iii) گریجویٹ کانسٹیبلان / ہیڈ کانسٹیبلان پبلک سروس کمیشن کوالیفائڈ حاضر سروس اہلکاران / امیدواران وغیرہ جن کی تعداد تقریباً 150 بنتی ہیں ویٹنگ لسٹ کی پروموشن نہ ہونے کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(iv) محکمہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے فاسٹ ٹریک پروموشن اے ایس آئی کا نیا اشتہار جاری کرنے جا رہا ہے جس سے قبل کوالیفائڈ کمیشن امیدواران کو پروموٹ نہ کرنے کی وجوہات بیان کرے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:18 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1593**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پروونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی (PHSA) کی زیر نگرانی صوبہ خیبر پختونخوا میں دس (10) سرکاری نرسنگ کالجز کام کر رہے ہیں ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کالجز کے طلباء و طالبات کو 4 سالہ نرسنگ ڈگری پروگرام مکمل کرنے کے بعد ایک سالہ پیڈ انٹرن شپ (Paid Internship) کرانا ڈگری کی ضرورت ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ بالا طلباء و طالبات کو صوبے کے کون کون سے ہاسپٹلز میں پیڈ انٹرن شپ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے ؟ کالج وائز اور ہسپتال وائز کی مکمل تفصیل سال 2023 سے تاحال فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:45 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1417**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں 2013 سے لے کر جون 2024 تک ADPs سمیت وفاق کی طرف سے مختلف ترقیاتی کاموں کی مد میں فنڈز مہیا کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سکیم وائز تقسیم (روڈ، بلڈنگ، سکول، ہسپتال وغیرہ) جتنے بھی پراجیکٹ منظور ہوئے ہیں اور جتنے مکمل ہوئے ہیں اور جن پر ابھی تک کام جاری ہیں۔ ہر پراجیکٹ کے لیے جتنی رقم ریلیز ہوئی ہے۔ پراجیکٹ وائز تخمینہ لاگت کے حساب سے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:46 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1406**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں محکمہ اینٹی کرپشن کاادارہ موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کا کردار، کام اور ذمہ داریاں کیا ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:47 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1526**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے کی مختلف جیلوں میں قیدیوں کو خوراک اور ادویات فراہم کی جاتی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر قیدی پر ماہانہ کتنا خرچہ کس کس مد میں کیا جاتا ہے؟ گزشتہ س5 سالوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) گزشتہ 5 سالوں میں خوراک، ادویات کے ٹھیکے کس کس کو دیئے گئے؟ ایک سے زیادہ مرتبہ جن ٹھیکے داروں کو ٹھیکے فراہم کیے گئے ان کے نام اور مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:48 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1581**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال بنوں میں آسامیاں خالی بھی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ڈاکٹرز، ٹیکنیکل سٹاف اور درجہ چہارم کی کتنی آسامیاں خالی ہیں؟

(ii) گزشتہ تین سالوں مذکورہ ہسپتال میں کون کونسی آسامیوں پر کتنی بھرتی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:49 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1582**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں زیادہ تر میڈیکل ڈاکٹرز (نان پریکٹسنگ الاونس) لینے کے باوجود پرائیوٹ پریکٹس کر رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ ڈاکٹروں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز ان کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:00 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1495**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرم کی تحصیل سنٹرل کرم ہسپتال کا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ٹھیکہ کس این جی او کو کس قواعد وضوابط کے تحت دیا گیا ہے نیز این جی او نے اس میں اپنی کتنی سرمایہ کاری کی ہے۔ معاہدوں کی کاپیاں اور مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:07 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1497**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے ضلع کرم میں گزشتہ دوسالوں کے دوران مختلف کوٹہ پر بھرتیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع کرم میں جن جن آسامیاں پر جس کوٹہ کے تحت بھرتیاں کی گئی ہیں ان بھرتی شدہ افراد کی میرٹ لسٹ اور تعیناتی کے احکامات سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا پندرواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 25 اگست 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:57 AM - Tue
**Question # 1523 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**Mr. Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**
Will the minister for Excise and Taxation states that:
(a) Are all vehicles on Khyber Pakhtunkhwa's roads duly registered with the department?
(b) If the answer is in affirmative then, explain why not?
(c) What is being done to ensure that vehicles are registered with the department and that the transfer is duly registered when there are transfers vehicles?
(d) What are mechanisms in place to assess penalties if vehicles have not been,1.Registered,transferred or being driven by other than the owner of their authorized person? Is there any process in place to check that?

(e) How many KP residents have registered their vehicles with the Islamabad registration authority? If the department doesn't have the data, please collect and provide it.
(f)Why are KP residents allowed to register vehicles in Islamabad?

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:11 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1590**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کوہستان تحصیل پٹن میں محکمہ ہذا کی زیر نگرانی کتنے سنٹرز موجود ہیں اور کتنے Tevta کے ماتحت کام کر رہے ہیں؟

(ب) مذکورہ سنٹرز کہاں کہاں پر کام کر رہے ہیں اور ان سنٹرز میں کتنا سٹاف ہے اور کہاں کہاں تعینات ہے اور کون کون سی پوسٹ پر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں؟

(ج) نیز محکمہ ہذا کی زیر نگرانی لوئر کوہستان خصوصاً پٹن میں فعال اور غیر فعال دفاتر / سنٹرز کی تفصیل بمعہ غیر فعال دفاتر / سنٹرز کی وجوہات اور یہ کب تک فعال ہوں گے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:02 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1622**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر آبکاری ومحاصل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا سرکاری ملازمین کو سرکاری گاڑیاں فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) تو سال 2022 سے تاحال کن کن محکموں کے ملازمین نے اپنے محکمہ کی توسط سے گاڑیاں حاصل کیں ہیں؟

(ii) ان کی مکمل تفصیل بمعہ نام، عہدہ، محکمہ، تاریخ درخواست اور تاریخ فراہمی فراہم کیں جائیں۔ نیز جو waiting list پر ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:19 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1636**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوشل سکیورٹی فنڈ تمام پیداواری سرگرمیوں بمعہ انڈسٹری خدمات پر 3 فیصد ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنا سوشل سکیورٹی فنڈ جمع کیا گیا ہے؟

(ii) مذکورہ فنڈ کہاں کہاں اور کس مد میں خرچ کیا گیا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:42 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1667**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزرِ صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ تجارت نے گزشتہ پانچ سالوں میں مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟

(ب) کیاکم وسائل والے بے روزگار نوجوانوں اور خواتین کو اپناکاروبار شروع کروانے اوراُن کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے کوئی منصوبہ موجود ہے ؟اگر ہاں ہو تومذکورہ منصوبے کی تفصیل بمعہ لاگت، دورانیہ کی تفصیل اوراس سے ماضی میں مستفید افراد کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 10, 2025 -- 02:26 PM - Thu
سوال نمبر **Question # 1681**
**Sent to Dept Date:** Jul 17, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں فنی تعلیم کے ادارے موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) ان اداروں کی نوعیت کیاہے ؟ہر درجے / کیٹگری کے کتنے کتنے ادارے موجود ہیں ؟اوران میں خواتین کے لئے کتنے ادارے مختص ہیں ؟ تفصیل فراہم کریں

(ii) ان اداروں سے سالانہ کتنی طالبات فارغ التحصیل ہوتی ہیں ؟ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔